© rasailojaraid.com



# گلدستۂ اخبار

— کشمیر ایجی ٹیشن بدستور جاری ہے۔ آج ۲۶ جنوری تک گرفتاریوں کی تعداد ۲۰۰۰۳۵ تک پہنچ چکی ہے۔ رضا کار بھی برابر ہر طرف سے آرہے ہیں۔ اجمیر، میرٹھ، دہلی کے رضاکار بھی حصہ لے رہے ہیں۔

— میرپور میں عدم ادائے مالیہ کی مہم شروع ہے۔ وہاں بھی گرفتاریاں جاری ہیں۔

— شیخ عظیم اللہ صاحب لاہور کے اگزکٹو افیسر مقرر ہوگئے ہیں۔

— حکومت حجاز نے اعلان کیا ہے کہ اس دفعہ ایک حاجی کا خرچ گیارہ صد روپیہ ہوگا۔ کرایہ آمدورفت اس میں شمار کیا گیا ہے۔

— سرکاری طور پر اعلان ہوگیا ہے کہ قانون حکومت ہند کا اطلاق صوبہ سرحد پر بھی ہوگیا ہے اور اسے شرائط ذیل کے ماتحت گورنری صوبہ بنا دیا گیا ہے (۱) مجلس قانون ساز کے ۴۰ ارکان ہونگے۔ (۲) گورنر صاحب ۶۶ ہزار اور اگزکٹو کونسل کا رکن ۴۲ ہزار روپیہ سالانہ تنخواہ پائینگے۔

— کانگرس کے کئی بڑے بڑے لیڈر گرفتار کرلئے گئے ہیں۔

— سر میاں محمد شفیع جو وائسرائے کی اگزکٹو کونسل کے ممبر تھے، انتقال کرگئے۔

— حکومت بمبئی نے کانگرس کمیٹی کا ۴۰۲۲۵ روپیہ جو مختلف بنکوں میں جمع تھا۔ جدید قانون آرڈی ننس کے ماتحت ضبط کرلیا ہے۔

— مہاراجہ کشمیر و جموں نے ۲۵ روپے ماہوار سے زائد تنخواہ پانیوالوں کی تنخواہوں میں دس فیصدی تخفیف کرنے کے احکام جاری کئے ہیں۔

© rasailojaraid.com